فوری ریلیز کے لیے: 2/4/2024 KATHY HOCHUL گورنر

گورنر HOCHUL نے صفر کاربن اخراج والی متعدد گھرانوں کے رہنے کی عمارتوں کو فروغ دینے کے لیے $8 ملین کے ایوارڈ سے نواز دیا

Buildings of Excellence مقابلے میں نو پراجیکٹس اعلی درجے کی قابلِ تقلید نئی تعمیرات اور متعدد گھرانوں کی رہائشی عمارتوں کے لئے کم کاربن اخراج والے تعمیر کے بعد تبدیلی کے حل فراہم کریں گے

ڈیزائن کی ابتداء سے کم کاربن حلوں کو یکجا کرنے میں معاونت کے لیے ابتدائی مرحلے کے ڈیزائن کی فنڈنگ کا بھی اعلان

2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 85% کم کرنے کے لیے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ہدف میں معاون ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج $58 ملین والے بلڈنگز آف ایکسی لینس مقابلے (Buildings of Excellence Competition) کے چوتھے راؤنڈ کے ذریعے نو پروجیکٹس کو $8 ملین سے نوازا جس کا مقصد نیویارک میں صفر کاربن اخراج والی متعدد گھرانوں کی رہائش کے مقصد والی عمارتوں کو فروغ دینا ہے۔ عملی مظاہرے والے منصوبوں کے لیے ان ایوارڈز کے علاوہ، گورنر Hochul نے ارلی ڈیزائن سپورٹ (Early Design Support) کے لیے $2 ملین کا اعلان کیا تاکہ یہ امر یقینی بنے کہ سب سے کم لاگت والے کم کاربن اخراج والے حلوں کو ڈیزائن کے آغاز سے ہی پروجیکٹس میں ضم کر دیا جائے۔ یہ مقابلہ کلائمیٹ لیڈرشپ اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ (Climate Act) کے 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے ہدف کی جانب ریاست کی پیشرفت کو تیز تر کرنے اور دو ملین ماحول دوست مکانات تیار کرنے والے گورنر کے ہدف کا لازمی حصہ ہے۔

"نیو یارک کی جانب سے صاف، محفوظ اور قابلِ استطاعت رہائشی عمارتیں تعمیر کرنے میں قوم کی قیادت جاری و ساری ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "آج کے ایوارڈ کردہ پروجیکٹس پوری ریاست پر محیط اس پورٹ فولیو میں مزید اضافہ کر رہے ہیں جو ایک ایسا اہم ترین بلیو پرنٹ فراہم کرتا ہے جس عمارتوں کے مالکان تقلید کرکے اپنا کاربن فٹ پرنٹ کم کر سکتے ہیں۔"

آج کا اعلان نیو یارک سٹی میں امریکن انسٹیٹیوٹ آف آرکیٹیکٹس نیو یارک چیپٹر (American Institute of Architects New York Chapter, AIA NY) کے مرکز برائے فنِ تعمیر میں منعقدہ ایک ایوارڈ کی تقریب کے دوران کیا گیا۔ سنہ 2019 میں شروع کیا جانے والا یہ مقابلہ ملک میں اپنی نوعیت کا واحد مقابلہ ہے اور اس کا نظم و نسق ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کی جانب سے کیا جاتا ہے تاکہ صفر کاربن اخراج والی عمارتوں کے ڈیزائن، تعمیر، اور آپریشن کے لیے مالی مراعات اور آگہی فراہم کی جا سکے۔ یہ مقابلہ قابلِ استطاعت رہائشگاہوں اور توانائی کو ترجیح دیتا ہے اور یہ امر یقینی بنانے کے لیے موسمیاتی ایکٹ کے اہداف کو سپورٹ کرتا ہے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد میں سے کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کی مدد کریں جبکہ اسکا مزید ہدف 40 فیصد ہو۔ ان ایوارڈز کے ساتھ NYSERDA نے اس مقابلے کے ذریعے 65 مثالی نئی تعمیرات اور بالکل نئے سرے سے مرمت اور تزئین کرنے والے منصوبوں کو ایوارڈ دیا گیا، اور ان میں سے دو تہائی سے زیادہ اعلیٰ

کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی نئی تعمیراتی عمارتیں کم قیمت ہاؤسنگ مارکیٹوں میں خدمات انجام دے رہی ہیں جن میں سے 37 پسماندہ کمیونٹیز میں واقع ہیں۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "ہمارے عمارتی شعبے میں کاربن کے نقصان دہ اخراج سے نمٹنا گورنر Hochul کے ملک کی قیادت کرنے والے آب و ہوا کے ایجنڈے کا اصل سنگ بنیاد ہے۔ یہ جیتنے والے منصوبے کم کاربن والی عمارتوں کے ڈیزائن میں زبردست پیشرفتوں کا عملی مظاہرہ کر رہے ہیں جن سے ماحول دوست تعمیرات اور آپریشن کے لیے ایک نیا معیار قائم ہو رہا ہے۔ تیار مال اور آلات وغیرہ والے حل اور ڈیزائن تیار کرنے کے لیے اپنے صنعتی شراکت داروں کے ساتھ کام کرکے، یہ عمل ہمیں ریاست کے صاف توانائی کے اہداف کے حصول کی جانب ایک قدم اور آگے لے جائے گا اور ہم آج کے تمام فاتحین کو ان کے مثالی منصوبوں کے لیے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔"

مقابلے کے درخواست دہندگان کو سستے، کم کاربن یا کاربن سے پاک ڈیزائنوں کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت تھی جو ڈویلپرز کے لیے منافع بخش ہوں، متوقع آمدنی اور لاگت کی پیشکش کریں، اور مسابقتی برتری فراہم کریں، جبکہ ساتھ ہی ساتھ رہائشیوں کی تعمیر کے لیے ایک آرام دہ، صحت مند، اور سستی جگہ تخلیق کریں۔ جیتنے والے منصوبوں کو ڈیزائن، تعمیر اور لاگت کے بارے میں جامع اعداد و شمار فراہم کرنے کی بھی ضرورت ہے جس کا تجزیہ اور اشتراک کیا جا سکتا ہے تاکہ ریاست نیو یارک میں کم سے لے کر صفر کاربن والی عمارتوں کی تعداد میں اضافہ کیا جا سکے۔

آج کے نوازے گئے عملی مظاہرہ کرنے والے منصوبوں کی جھلکیوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

1. **قابلِ استطاعت ہاؤسنگ:** تعمیر کی جانے والی نو عمارتوں میں سے آٹھ عمارتیں کم سے درمیانی آمدنی تک والے صارفین کی خدمت کریں گی؛ نوازے گئے نو منصوبوں میں سے سات منصوبے پسماندہ کمیونٹیز کی خدمت کریں گے۔
2. **صفر اخراج / کاربن نیوٹرل کے لئے تیار:** 100 فیصد پروجیکٹس صفر اخراج والے ہیں اور کاربن نیوٹرل کے لئے تیار ہیں، یعنی وہ انتہائی مؤثر ہیں اور اپنے روزمرہ کے کاموں کے لیے سائٹ پر فوسل ایندھن بالکل بھی استعمال نہیں کرتے۔
3. **منفعل گھر والا معیار:** تمام پراجیکٹس منفعل گھر (Passive House) معیار کی پابندی کر رہے ہیں، یعنی ڈیزائن اور تعمیرات توانائی کی انتہائی بچت کرنے والے مؤثر معیارات کے مطابق کی جائیں گی اور ساتھ ہی عمارت میں رہنے والوں کے لیے آرام، صحت اور استحکام کے اعلی درجات بھی حاصل کیے جائیں گے۔
4. **شمسی توانائی کو شامل رکھنا:** سات منصوبوں میں شمسی بجلی کی سہولت رکھی گئی ہے، جبکہ ایک منصوبے میں بجلی کی سٹوریج بھی شامل ہے۔

Buildings of Excellence کے چوتھے راؤنڈ کے ایوارڈ یافتگان یہ ہیں:

کیپیٹل ریجن: $1 ملین

1. **Livingston Apartments Phase II, 317 Northern Boulevard, Albany, NY *****

   عمارت کی قسم: کم سے درمیانی آمدنی والوں کی رہائشی عمارت
   معیارات: Passive House والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ
   تعمیر کنندگان: Soldier On and Winn Development
   ڈیزائنر: SWBR

مڈ ہڈسن: $124,000

1. ***North Miller Passive II, 193 North Miller Street, Newburgh, NY**
   عمارت کی قسم: کم سے درمیانی آمدنی والوں کی رہائشی عمارت
   معیارات: Passive House والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ

تعمیر کنندگان: Stephen Taya Property Development
ڈیزائنر: Northeast Projects

نیو یارک سٹی: 6.9$ ملین (سات منصوبے)

1. **247 E. 117th Street, New York, NY** *
عمارت کی قسم: مارکیٹ ریٹ والی رہائشی عمارت
معیارات: Passive House والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ
تعمیر کنندگان: 247 E 117th Street LLC
ڈیزائنر: AOSM Architecture, DPC

2. **819 Grand, 819 Grand Street, New York, NY** *
عمارت کی قسم: مخلوط تجارتی استعمال اور کم سے درمیانی آمدنی والوں کی رہائشی عمارت
معیارات: Passive House اور Enterprise Green Communities والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ
تعمیر کنندگان: St Nicks Alliance
ڈیزائنر: Curtis + Ginsberg

3. **Arverne East – Building D, 116 Beach 26th Street, Queens, NY** *
عمارت کی قسم: مخلوط تجارتی استعمال اور کم سے درمیانی آمدنی والوں کی رہائشی عمارت
معیارات: Passive House اور Enterprise Green Communities والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ
تعمیر کنندگان: L&M Development Partners
ڈیزائنر: FXCollaborative Architects LLP

4. **The Beacon, 413 East 120th Street, New York, NY** *
عمارت کی قسم: کم سے درمیانی آمدنی والوں کی رہائشی عمارت
معیارات: Passive House اور Enterprise Green Communities والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ
تعمیر کنندگان: The Community Builders Inc اور Ascendant Neighborhood Development Corp
ڈیزائنر: Paul A Castrucci Architects

5. **Carmen Villegas Apartments (CVA), 101 E. 110th Street, New York, NY** ***
عمارت کی قسم: مخلوط تجارتی استعمال اور کم سے درمیانی آمدنی والوں کی رہائشی عمارت
معیارات: Passive House اور Enterprise Green Communities والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ
تعمیر کنندگان: Ascendant Neighborhood Development Corp.، Urban Builders Collective، اور Xylem Projects
ڈیزائنر: Magnusson Architecture and Planning (MAP)

6. **Malcolm Shabazz Harlem Plaza, 52 W. 116th Steet, New York, NY** **
عمارت کی قسم: مخلوط تجارتی استعمال اور کم سے درمیانی آمدنی والوں کی رہائشی عمارت
معیارات: Passive House اور Enterprise Green Communities والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ

تعمیر کنندگان: Malcolm Shabazz Development Corporation
ڈیزائنر: Ettinger Engineering Associates

7. **Three Arts, 340 West 85th Street, New York, NY ****
عمارت کی قسم: کم سے درمیانی آمدنی والوں کی رہائشی عمارت
معیارات: Passive House اور Enterprise Green Communities والے معیارات حاصل کرنے کے لئے ڈیزائن کردہ
تعمیر کنندگان: West Side Federation for Senior and Supportive Housing
ڈیزائنر: Curtis + Ginsberg Architects

* یہ پروجیکٹ BOE کا فاتح ہے اور ایک پسماندہ کمیونٹی (disadvantaged community, DAC) میں واقع ہے
** یہ پروجیکٹ BOE کا فاتح اورBlue Ribbon for Design Excellence کا فاتح ہے
*** یہ پروجیکٹ BOE اورBlue Ribbon for Design کا فاتح ہے اور ایک DAC میں واقع ہے۔

بہترین عمارات سے نوازے گئے تمام منصوبوں کی مکمل فہرست کے لیے، براہِ کرم NYSERDA کی ویب سائٹ دیکھیں۔

اس کے علاوہ، مجموعی 2$ ملین والے Early Design Support کے جزو کے طور پر آج کی جاری کردہ یہ فنڈنگ مستقبل میں کوڈ کی ضروریات پوری کرنے یا اس سے مزید آگے نکلنے، اعلی کارکردگی دکھانے، اور مکینوں کی صحت اور سکون کو زیادہ سے زیادہ ترجیح دینے والی کسی ملٹی فیملی بلڈنگ کا ڈیزائن پیش کرنے والی فرموں کو 'پروجیکٹ بہ پروجیکٹ' کی بنیاد پر اہم تکنیکی مدد فراہم کر رہی ہے۔

Early Design Support کے منصوبے یہ ہیں:
نیویارک سٹی
1. CVA+Casita****: Magnusson Architecture & Planning PC - New York, NY
2. Three Arts****: Curtis + Ginsberg Architects - New York, NY
3. Shore Hill Development ****: Curtis + Ginsberg Architects - Brooklyn, NY
4. The Beacon****: Paul A. Castrucci Architects - New York, NY
5. Sol on Park: Magnusson Architecture & Planning PC - New York, NY

کیپیٹل ڈسٹرکٹ
1. Fifth Ave Passive House 1818****: Sustainable Comfort Inc. - Troy, NY
2. The Lafayette****: Sustainable Comfort Inc. – Schenectady, NY

مرکزی نیویارک
1. Syracuse Bread Factory: Taitem Engineering - Syracuse, NY

موہاک ویلی
1. Bank Lofts: River Architects – Richfield Springs, NY
2. EcoFlats at Log City****: Black Mountain Architecture - Amsterdam, NY

جنوبی سلسلہ
1. Inlet Island: Sustainable Comfort Inc. – Ithaca, NY

**** یہ پروجیکٹ Buildings of Excellence عملی مظاہرہ پروجیکٹ کا موجودہ یا سابقہ ایوارڈ یافتہ بھی ہے۔

نیویارک سٹی اور سدرن ٹیئر میں واقع تمام Early Design Support والے پروجیکٹس کم سے درمیانی آمدنی (low- to moderate-incoming, LMI) والی ہاؤسنگ فراہم کرتے ہیں جبکہ باقی پروجیکٹس مارکیٹ ریٹ ہاؤسنگ فراہم کرتے ہیں۔

ریاست نیو یارک کے پبلک سروس کمیشن (Public Service Commission) کے چیئر Rory M. Christian نے کہا، "اپنی عمارتوں کے مجموعے سے کاربن کے اخراج کو کم کرنا ایک صاف ستھری معیشت بنانے کے لیے ہمارے اختراعی اقدام کا ایک اہم جزو ہے۔ اس پروگرام میں ہمارے تمام شراکت داروں کو بہت اچھا کام کرنے کے لیے مبارکباد۔"

ریاست نیویارک کی گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (Homes and Community Renewal) کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "ریاست اپنے Buildings of Excellence مقابلے کے ذریعے نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے ایک صاف ستھرا، سرسبز مستقبل بنانے میں مدد کر رہی ہے۔ نوازے جانے والے یہ نو منصوبے پوری ریاست کی کمیونٹیز میں صفر کاربن اخراج والی ملٹی فیملی عمارتوں کی تخلیق و تعمیر کے متعلق ہماری لگن اور آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ میں بیان کردہ ہمارے آب و ہوا کے شاندار اہداف کو پورا کرنے کے لیے ہمارے عزم کی منہ بولتی مثال ہیں۔ گورنر Hochul اور NYSERDA کا ان کی قیادت کے لیے شکریہ جنہوں نے نیو یارک کی ماحولیاتی طور پر ذمہ دارانہ ترقی کے لیے معیارات قائم کرنے کا عمل جاری و ساری رکھا ہوا اور جس سے یہ بات بھی ثابت ہو رہی ہے کہ پائیداری اور قابل استطاعت رکھنے کا عمل دونوں ساتھ ساتھ چل سکتے ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Kevin Parker نے کہا، "ہمیں خوب معلوم ہے کہ عمارتیں ریاست نیو یارک میں گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کے سب سے بڑا ذرائع میں سے ایک ذریعہ ہیں۔ NYSERDA کا 4 چوتھا سالانہ Buildings of Excellence مقابلہ اس بات کی ایک مثال ہے کہ ہم اپنے موسمیاتی ایکٹ کے اہداف کو ایسے منصوبوں کے ذریعے کیسے حاصل کر سکتے ہیں جو عمارتوں سے نکلنے والا مضر اخراج کو کم کریں اور ساتھ ہی قابل استطاعت رہائش گاہوں میں رہنے والے نیو یارک باسیوں تک اسکے فوائد بھی پہنچائیں۔"

رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا، "ایک طویل عرصے سے ایسے مکانات کی وکالت کرنے کے بعد جو توانائی سے بھرپور بھی اور قابل استطاعت بھی ہوں، مجھے یہ دیکھ کر بہت خوشی ہو رہی ہے کہ Building of Excellence Competition کے اس چوتھے دور کے ذریعے اب اضافی $8 ملین دیے جا رہے ہیں۔ قابل تقلید کم سے کم لاگت والے اور صفر اخراج والے اس طرح کے منصوبے ریاست نیو یارک کو اپنے آب و ہوا کے اہداف تک پہنچنے میں مدد دینے کے سلسلے میں بہت اہم ہیں۔"

اسمبلی ممبر Deborah Glick نے کہا، "نیو یارک اختراعی سوچ سے منسلک مسابقتی گرانٹس تخلیق کرکے اعلی درجے کی ماحول دوست ترقی کے لیے مدد و معاونت کرنے کے معاملے میں سب سے آگے ہے۔ ایوارڈ حاصل کرنے والے منصوبے عملی مظاہرہ کر رہے ہیں کہ ہمارے موسمیاتی ایکٹ کے اہداف قابل حصول ہیں اور وہ ڈویلپرز کو ایسے منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے کی ترغیب دیتے ہیں جنکی توجہ قابلِ استطاعت رہائشگاہوں کی تعمیر اور صفر کاربن والے ڈیزائن دونوں پر مرکوز ہے۔ میں گورنر Hochul اور NYSERDA کی صدر Doreen Harris کی ان کاوشوں اور پختہ عزم کی دل سے معترف ہوں جو آلودگی کو کم کرنے، فوسل ایندھن پر ہمارا انحصار کم کرنے، اور ہمارے آب و ہوا کے اہداف تک پہنچنے کے لیے وہ دونوں کر رہی ہیں۔"

AIA NYS کے صدر Willy Zambrano نے کہا، "AIANYS کے مشن کے ساتھ منسلک Buildings of Excellence مقابلہ تعمیر شدہ عمارتوں میں سے کاربن کے مضر اخراج کو کم کرنے میں تعمیراتی اختراعات کرنے کے اہم کردار کی نشاندہی کر رہا ہے۔ پائیدار ڈیزائن والے حلوں کو فروغ دے کر، AIANYS نے NYSERDA کے ساتھ اپنی شراکت داری میں پوری ریاست نیو یارک شمولیت قائم رکھنے والے رہائشی اختیارات کی لازمی ضرورت پوری کرنے کے ساتھ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے والی کوششوں کو بھی آگے بڑھایا ہے اور بڑھا رہا ہے۔"

AIA NY کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Jesse Lazar نے کہا، "AIA New York کو اپنے Buildings of Excellence پروگرام کے آغاز سے ہی NYSERDA کے ساتھ شراکت داری رکھنے پر بہت فخر ہے جو ہماری پوری ریاست میں کاربن نیوٹرل، صفر اخراج والی ہاؤسنگ کو قابل رسائی بنانے میں بہت اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ Buildings of Excellence تعمیر شدہ ماحول کے مستقبل کے بارے میں بہت گہری سوچ رکھنے والی ہماری کمیونٹی کے بعض بڑے چیلنجوں کو براہ راست حل کر رہا ہے۔ راؤنڈ 4 میں نوازے جانے والے پروجیکٹس کئی سطحوں پر تبدیلیاں لانے والے منصوبے ہیں اور وہ ایسے ماڈلز اور ڈیزائن کے حل پیش کر رہے ہیں جو ہماری صحت مند، زیادہ قابل استطاعت، اور زیادہ لچکدار عمارتوں میں گزاری جانے والی کافی حد تک بہتر زندگی کی جانب رہنمائی کرتے ہیں۔"

AIA NYS 2021 صدر، FAIA, AIA National 2023-2025 کے ڈائریکٹر ایٹ-لارج، LAB architect + PLLC کے بانی پرنسپل اور نیو یارک سٹی کالج آف ٹیکنالوجی (New York City College of Technology, CUNY) کے ایسوسئیٹ پروفیسر Illya Azaroff نے کہا، "Buildings of Excellence کے چیلنج کے ذریعے تسلیم کیے جانے والے اور نوازے جانے والے یہ منصوبے اس مثبت سوچ کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ ہم اپنی کمیونٹیز کی بہتر مستقبل کی طرف رہنمائی کر سکتے ہیں۔ اعلی کارکردگی والے اور ماحولیات کے حوالے سے زیادہ باشعور ڈیزائنوں کو فروغ دے کر جو منصفانہ سوچ کی تعمیر کرنے والے ہوں، ہم یہ عملی مظاہرہ کر رہے ہیں کہ اگر ہم مل کر کام کریں تو دنیا میں وہ تبدیلی لا سکتے ہیں جو ہم دیکھنا چاہتے ہیں۔ مزید برآں، یہ منصوبے ڈیزائن کے امتیاز کے لیے ایک ایسے فریم ورک کو مجسم کر رہے ہیں جو موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے والا ہے اور اس پروگرام کا خاصہ ہے"۔

Architectural League of New York کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Jacob Moore نے کہا، "آج ایک بار پھر NYSERDA کا Buildings of Excellence پروگرام ایسے ڈیزائنرز اور ڈویلپرز کے پروجیکٹس کو تحریک دے رہا ہے، سپورٹ کر رہا ہے اور انہیں روزِ روشن کی طرح عیاں کر رہا ہے جو نیو یارک باسیوں کے لیے زیادہ مستحکم، کاربن کے کم اخراج والے مستقبل کی تخلیق کے لیے پُرعزم ہیں۔ Architectural League کو NYSERDA کے ساتھ مل کر وہ کام کرنے پر فخر ہے جس کے ذریعے ڈیزائن کا مجموعی معیار بہتر بنایا گیا ہے – بشمول محلوں میں محتاط انضمام؛ کمیونٹی کے اثاثوں سے مضبوط ارتباط سائٹ پر بھی اور اردگرد بھی؛ اور صحت، آرام، اور جمالیاتی سوچ کو ترجیح دینا – جو Buildings of Excellence کے منصوبوں کا تجزیہ کرنے کے لئے لازمی عنصر ہیں۔"

Steven Winter Associates Passive House کے ڈائریکٹر Lois Arena نے کہا، " Buildings of Excellence کے پروجیکٹس اپنی نوعیت کے پہلے منصوبے ہیں۔ اس راؤنڈ میں نوازے جانے والے تمام عملی مظاہرہ کرنے والے تمام پروجیکٹس نے Passive House سرٹیفیکیشن کی پابندی کی – وہ اپنی تکنیکی صلاحیتوں کو بڑھا رہے ہیں اور NYS کی وسیع تر مارکیٹ میں Passive House کی سرٹیفیکیشن کو اپنانے والی سوچ کو فروغ دے رہے ہیں۔"

NYSERDA توقع کر رہا ہے کہ وہ آنے والے مہینوں میں ڈیولپرز اور ان کی ڈیزائن ٹیموں کی جانب سے ابتدائی مرحلے کے ایسے ڈیزائن پروجیکٹ کی تجاویز کے لیے مقابلے کا پانچواں مرحلہ شروع کرے گا جو کاربن نیوٹرل والی خصوصیات کو پری اسکیمیٹک اور اسکیمیٹک ڈیزائن کے مراحل میں ضم کرتے ہوں جو بالآخر متعدد خاندانوں کی رہائش والی عمارتوں کی کم لاگت سے مؤثر تعمیر اور تکمیل کا باعث بنیں۔

آج کا اعلان اپنے عماراتی اسٹاک کو جدید ترین بنانے والی ریاست نیویارک کی جاری سرمایہ کاریوں کو مزید مہمیز دے رہا ہے۔ ریاست نیو یارک میں عمارتیں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کے سب سے بڑے ذرائع میں سے ایک ہیں، اور نئی اور موجودہ عمارتوں میں توانائی کی کارکردگی اور برق کاری کے اقدامات کو مربوط کرنے سے کاربن کی آلودگی میں کمی آئے گی اور ریاست کے زیرِ انتظام مزید صحت مندانہ اور آرام دہ عمارتوں کے حصول میں مدد ملے گی۔ NYSERDA اور یوٹیلیٹی پروگرامز کے ذریعے، ریاست کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے عمارتوں کو ڈی کاربونائز کرنے کے لیے 6.8$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی جارہی ہے، جس میں مارکیٹ ریٹ اور کم تا درمیانی آمدنی والی جائیدادوں کے لیے کثیر خاندانی تعمیراتی شعبے میں نئی تعمیرات، حسب ضرورت تبدیلی کے

ساتھ دوبارہ استعمال اور گٹ ری ہیب پروجیکٹس میں NYSERDA کی 150$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری شامل ہیں۔

اس پروگرام کے لیے فنڈنگ ریاست کے علاقائی گرین ہاؤس گیس انیشیٹو اور 6$ بلین کے کلین انرجی فنڈ کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ مقابلے اور متعلقہ فنڈنگ کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 64$ قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 40$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 3$ بلین سے زائد، اور NY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں